پھیپھڑوں کے کینسر کو گھر پر ہی نہ پنپنے دیں۔

غیر معمولی سانس کی تنگی یا مستقل کھانسی جو آپ کے لیے نئی یا مختلف ہو، اور 3 ہفتوں سے زیادہ تک رہتی ہو، وہ پھیپھڑوں کا کینسر ہو سکتا ہے — خاص طور پر اگر آپ کی عمر 40 سال سے زیادہ ہے۔

جتنی جلدی اس کا پتہ لگتا ہے، اس کا علاج کرنا اتنا ہی آسان ہے۔ اپنے عمومی طبیب کی پریکٹس (GP practice) سے بلا تاخیر رابطہ کریں۔

NHS SCOTLAND

Healthier Scotland
Scottish Government

GetCheckedEarly.org

اگرچہ فکر کرنے کی کوئی بات نہیں ہے، بہتر ہوگا کہ جلدی جانچ کرا لی جائے۔ آپ کے عمومی طبیب کی پریکٹس (GP practice) آپ کے بارے میں جاننا چاہتی ہے۔

نشانیاں اور علامات

+40 سال والے لوگوں میں غیر واضح اور مستقل (+3 ہفتے):

> کھانسی میں تبدیلی یا نئی کھانسی
> سانس کی تنگی میں تبدیلی یا نئی سانس کی تنگی
> تمباکو نوشی کرنے والے یا سابق تمباکو نوشی کرنے والے میں تھکاوٹ
> سینے میں مسلسل یا بار بار ہونے والا انفیکشن

اس کے ساتھ درج ذیل بھی ہو سکتا ہے:

> کھانسی میں خون آنا
> سینے/کندھے میں درد
> غیر واضح وزن میں کمی
> بھوک کی کمی
> بیٹھی ہوئی آواز

جانچ کرانا

جب آپ اپنے عمومی طبیب کی پریکٹس (GP practice) سے رابطہ کریں تو کیا توقع کریں:

> کچھ مشاورتیں فون پر یا ویڈیو کال کے ذریعہ کی جا رہی ہیں
> آپ کا GP/بنیادی دیکھ بھال کا طبیب آپ کی صحت کے بارے میں آپ کی تشویشوں کو سنے گا اور آپ کی علامات کے بارے میں سوالات پوچھے گا
> وہ آپ سے آپ کے سینے کی جانچ کرانے کے لیے آنے کو کہہ سکتے ہیں
> وہ فیصلہ کریں گے کہ آیا آپ کو سینے کا ایکسرے یا دیگر ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہے اور وہ آپ کے لیے ان کا انتظام کریں گے
> اگر آپ کو مزید جانچوں کی ضرورت ہے، تو وہ آپ کے لیے ہسپتال میں سینے کے ماہر سے ملنے کا انتظام کر سکتے ہیں

کسی کے بارے میں فکرمند ہیں؟

اگر خاندان کے کسی فرد یا دوست کو اس کتابچے پر بیان کردہ علامات کا سامنا ہے، تو انھیں اپنے عمومی طبیب کی پریکٹس (GP practice) سے رابطہ کرنے کے لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ یہ بات چیت شروع کرنے کا وقت ہے۔